رسالے شائع کیے گئے ہیں۔ نماز' رسالت' جہاد فی سبیل اللہ' توحید اور شرک' حقیقت تقویٰ' حقیقت صبر وغیرہ--- طباعتی پیش کش دیدہ زیب اور خوب صورت ہے]۔

☆ **بیت اللہ کے سائے میں**' حافظ جاوید اقبال بھٹی۔ ناشر: اذانِ سحر پبلی کیشنز' کیمرہ مارکیٹ' چیمبرلین روڈ' لاہور۔ صفحات: ۸۰۔ قیمت: ۳۶ روپے [سفر حج کی روداد' بہ شمول مقاماتِ مقدسہ کی زیارت کا تذکرہ اور بیت اللہ اور مسجد نبویؐ کی مختصر تاریخ بہ قول پروفیسر آسی ضیائی: ایک طرح کی گائیڈ بک' ایک رہنما تحریر]۔

☆ **ظلال القرآن** ماہنامہ' مدیر: سید معروف شاہ شیرازی۔ پتا: سی سن پلازا پروپورشن' فلیٹ نمبر ۱۰' مرکز ایف/۱۰' اسلام آباد۔ صفحات: ۴۰۔ قیمت: ۱۵ روپے' سالانہ چندہ: ۱۵۰ روپے [قرآن وحدیث اور علوم اسلامیہ پر ایک نیا مجلّہ۔ اس شمارے سے محمد علی الصابونی کی تفسیر صفوۃ التفاسیر کا ترجمہ شروع ہے]۔

☆ **بچوں کی تربیت میں کتاب کا حصہ**' ڈاکٹر انعام الحق کوثر۔ پتا: سیرت اکادمی بلوچستان' ۲-۲۷-اے او بلاک ۱۱۱' سیٹلائٹ ٹاؤن' کوئٹہ [کتابچوں کے اس سلسلے کا ایک کتابچہ' جو یونیسف پاکستان کے تعاون اور اشتراک سے لکھے' تیار کیے گئے۔ ۸ تا ۱۲ صفحات پر مشتمل اس طرح کے کتابچے: احترام بچہ' اسلام اور بچے کی تربیت ونگہداشت' ملی تعمیر نو میں تعلیم کا کردار' بچوں کے لیے لٹریچر کی تیاری میں نفسیات کا کردار--- اساتذہ' اطفال کے تربیتی کورسوں کے لیے مفید ہیں]۔

☆ **صمصام الاسلام** از حافظ محمد صدیق ارکانی' ناشر: حرکتہ الجہاد الاسلامی' اراکان (برما)۔ صفحات: ۱۲۸' قیمت: درج نہیں [جہاد پر مختلف مباحث: اقسام' احکام' دفاعی جہاد' اقدامی جہاد' جہاد کے متعلق بعض اہم سوالات کے جوابات]۔

☆ **سیارہ** (ماہنامہ) مدیر: حفیظ الرحمٰن احسن۔ پتا: ایوانِ ادب' اردو بازار' لاہور۔ خاص شمارہ ۴۵' ۲۰۰۰ء۔ صفحات: ۴۲۰۔ قیمت: ۱۲۰ روپے۔ [اسلامی اور تعمیری ادب کا نقیب۔ تازہ شمارہ نئی تخلیقات (مقالات' شاعری اور تبصروں) کے ساتھ]۔

☆ **النحو المیتسر**' شفیق احمد خان قاسمی۔ ناشر: شعبہ نشر واشاعت' جامعہ خدیجۃ الکبریٰ برائے خواتین' کراچی۔ صفحات: ۸۸۔ قیمت: درج نہیں۔ [علامہ شریف الجرجانی کی معروف درسی تصنیف نحو میر کی عربی زبان ہی میں تسہیل۔ قواعد کی یہ کتاب طلبہ کے لیے مفید ہے۔ مقدمہ از ڈاکٹر محمد عبدالحلیم چشتی]۔

ماہنامہ **ترجمان القرآن**

انٹرنیٹ پر دیکھا جاسکتا ہے

www.tarjumanulquran.com

E-mail: tarjuman@pol.com.pk